Co-funded by the European Union

german cooperation
DEUTSCHE ZUSAMMENARBEIT

Implemented by giz

BRITISH COUNCIL

NAVTTC




## مشقیں اور کوئز برائے ای لرننگ کورس

# کاروبار بہتر چلائیں اور بڑھائیں

# E-Learning Course on Manage and Develop Business Effectively

بیرون ملک سے لوٹنے والے اور مقامی افراد کے لیے

# فہرست


ای لرننگ کورس کا ڈھانچہ (Structure of E-Learning Course)............................................................ 2

ہر ای لرننگ سیشن کا خاکہ (Layout of E-Learning Session) ............................................................ 3

سیشن نمبر 1: خوش آمدید (Welcome on Board) ........................................................................................ 5

سیشن نمبر 2: اپنے کاروبار کو سمجھیں (Understand Your Business)......................................................................... 7

سیشن نمبر 3: ایک باصلاحیت کاروباری بنیں (Be A Competent Entrepreneur) .................................................. 11

سیشن نمبر 4: اپنی مارکیٹنگ اور فروخت کو بڑھائیں (Excel Your Marketing and Sales)............................................ 14

سیشن نمبر 5: بہترین لاگت نکالیں (Do Effective Costing) ......................................................................... 17

سیشن نمبر 6: مارکیٹ کو جانیں اور رابطے بنائیں (Know Your Market & Develop Linkages) ................................... 20

سیشن نمبر 7: اپنے مالیات کا موثر انتظام کریں (Manage Your Finance Effectively) ............................................. 22

سیشن نمبر 8: کاروبار کا منصوبہ بنائیں۔ کل کا سوچیں (Plan Your Business – Think Ahead) ..................................... 25

## ای لرننگ کورس کا ڈھانچہ (Structure of E-Learning Course)

اس ای لرننگ یا آن لائن تربیتی کورس کا بنیادی مقصد کاروبار کی بنیادی علم، مہارتوں، انتظام اور ترقی کے خواہاں بیرون ملک سے لوٹنے والے اور مقامی لوگوں کو ہر وقت دستیاب تربیت کا موقع فراہم کرنا ہے کہ وہ اپنی آسانی کے مطابق رجسٹر ہونے کے بعد جب چاہیں ایک کلک کے زریعے تربیتی کورس کو ایک خاص مدت میں مکمل کر سکیں۔ ہر ایک سیشن کو ایک خاص ڈھانچے میں ترتیب دیا گیا ہے تا کہ شرکا ایک باقاعدہ ترتیب سے اسکو سمجھ کر مکمل کر سکیں اور اپنے علم و مہارتوں میں اضافہ کر سکیں۔

اس ای لرننگ کورس کے تعارفی سیشن سمیت کل آٹھ سیشن ہوں گے جن کے موضوعات کی تفصیل فراہم کر دی گئی ہے اور یہ سارے موضوعات دوبارہ ترتیب دیئے گئے تین روزہ تربیت کے مینول سے ہی لیئے گئے ہیں۔ تاہم ای لرننگ کی ضرورت کو مدنظر رکھ کر ہر سیشن کے لیئے ایک ویڈیو، مشق اور کوئز ضرور دیا جائے گا:

| # | ای لرننگ سیشن کا عنوان (Title) | موضوعات (Topics) | مشق (Exercise) عنوان | مشق (Exercise) نمبر | جانچ (Quiz) کے نمبر | سیشن کے کل نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | خوش آمدید (Welcome on Board) | ▪ کورس کا تعارف<br>▪ مقاصد، ایجنڈا و اصول | - | - | 4 | 4 |
| 2 | اپنے کاروبار کو سمجھیں (Understand Your Business) | ▪ کاروبار کے بنیادی تصورات<br>▪ ڈیجٹل اور ماحول دوست کاروبار<br>▪ کاروبار کی رجسٹریشن | میرا وطن میرا کاروبار | 20 | 5 | 25 |
| 3 | ایک باصلاحیت کاروباری بنیں (Be A Competent Entrepreneur) | ▪ ذاتی کاروباری صلاحیتیں و مہارتیں | اپنا جائزہ | 24 | 4 | 28 |
| 4 | اپنی مارکیٹنگ اور فروخت کو بڑھائیں (Excel Your Marketing and Sales) | ▪ مارکیٹ و مارکیٹنگ کے تصورات<br>▪ مارکیٹنگ کے چھ عناصر<br>▪ سوشل میڈیا مارکیٹنگ | میری سوشل میڈیا مارکیٹنگ | 15 | 5 | 20 |

| # | ای لرننگ سیشن کا عنوان(Title) | موضوعات(Topics) | مشق(Exercise) عنوان | نمبر | جانچ(Quiz) کے نمبر | سیشن کے کل نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 5 | بہترین لاگت نکالیں (Do Effective Costing) | ▪ لاگت اور قیمت کا تصور<br>▪ گھسائی اور لاگت نکالنا | رشید کا کاروبار | 10 | 4 | 14 |
| 6 | مارکیٹ کو جانیں اور رابطے بنائیں (Know Your Market & Develop Linkages) | ▪ مارکیٹ سروے کا سوالنامہ<br>▪ رابطہ سازی<br>▪ لمبے دورانیہ کی رابطہ سازی | میرے رابطے | 10 | 4 | 14 |
| 7 | اپنے مالیات کا موثر انتظام کریں (Manage Your Finance Effectively) | ▪ مالی انتظام کا تصور اور اہمیت<br>▪ کاروباری کھاتے یا ریکارڈ | میری کھاتہ داری | 21 | 4 | 25 |
| 8 | کاروبار کا منصوبہ بنائیں۔ کل کا سوچیں (Plan Your Business – Think Ahead) | ▪ کاروبار کی منصوبہ سازی<br>▪ منصوبہ کے چھ حصے<br>▪ مالی وسائل تک رسائی | میرا کاروباری منصوبہ | 21 | 4 | 25 |
| | | | **121** | | **34** | **155** |

کورس کو کامیابی سے مکمل کرنے کے لیے 75 فیصد نمبر درکار ہوں گے اور اسی طرح کورس کے ہر سیشن کے لیے بھی یہی شرط ہو گی کہ شرکا 75 فیصد نمبر لے کر اگلے سیشن تک پہنچیں۔

## ہر ای لرننگ سیشن کا خاکہ (Layout of E-Learning Session)

اس ای لرننگ کورس کے ہر سیشن کے درج ذیل حصے ہوں گے جس سے سیکھنے والوں کو مرحلہ وار مدد ملے گی کہ وہ خاص موضوع پر اپنا علم اور مہارتیں بڑھا سکیں:

| تعارفی پیج یا صفحہ | ویڈیو |
|---|---|

| | |
|---|---|
| اس پر سیشن کا نمبر، عنوان، تعارف اور مقاصد درج ہونگے۔ | اسی موضوع پر ایک ماہر ٹرینز کی ریکارڈ کی گئی ویڈیو ضروری تفصیلات، تصاویر یا پاور پوائنٹ پریزٹیشن کے ساتھ، جسے سننا لازم ہو گا۔ |
| **عملی مشق** | **کوئز یا بوجھو تو جانیں** |
| موضوع سے متعلق ایسی مشق یا سرگرمی جس کو مکمل کر کے سیکھنے والے افراد اپنے علم اور مہارتوں کو آزما سکیں گے۔ | تین سے چار متعلقہ سوالات جن کا جواب ہاں نہیں، درست جواب چننے، خالی جگہ پر کرنے سے دیا جاسکے گا اور اس سے سیکھنے والے اپنے کارکردگی کا جائزہ لے سکیں گے۔ |

عملی مشق اور کوئز کو پُر کرنے سے جہاں سیکھنے والے کو اپنی کارکردگی کا پتہ چلے گا وہیں خودکار طریقہ سے سیکھنے والے کے اس سیشن کے حاصل کردہ نمبر کا بھی تعین ہو جائے گا جس کا نتیجہ کورس کے آخر میں کل حاصل کردہ نمبر اور فیل یا پاس کی صورت میں بھی ظاہر ہو گا۔